124202 ـ روزے کی حالت میں ناک کے لیے سپرے استعمال کرنا

سوال

روزے کی حالت میں اسپرے استعمال کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" ضرورت کے وقت استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر اسے رات تك استعمال کرنا ممکن ہو تو ایسا کرنے میں زیادہ احتیاط ہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ.

دیکھیں: مجموع فتاوی الشیخ ابن باز (15 / 264).

اور اسلامی فقہ اکیڈمی کی قرار میں درج ہے:

" درج ذیل امور روزہ توڑنے والی اشیاء میں شامل نہیں ہوتیں..... آئی ڈراپس یعنی آنکھ کے لیے قطرے یا کان کے لیے قطرے، یا ناك کے لیے محلول، یا ناك کے لیے قطرے، یا ناك کے لیے سپرے، جبکہ حلق میں پہنچنے کی صورت میں اسے نگلا نہ جائے بلکہ باہر نکال دیا جائے " انتہی.

دیکھیں: مجلۃ المجمع (10 / 454).

واللہ اعلم .